مکئی میں مختلف غذائی تراغیب سے خشک سالی برداشت کرنے کا طریقہ

پی ایچ ڈی سکالر: ساجد حسین نگران: ڈاکٹر محمد مقصود شعبہ: ایگرانومی

پاکستان کی آب وہوا نیم بنجر ہونے کی وجہ سے مکئی کی فصل کو پانی کی کمی کا مسئلہ درپیش ہے اور دوسری فصلوں کی نسبت مکئی کی فصل پانی کی دستیابی کے لیے حساس ہے۔ بہت زیادہ دشواری کی حالت میں مکئی کی بڑھوتری کا عمل رک جاتا ہے جس کی وجہ سے پیداوار میں خاطر خواہ کمی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا پانی کی قلت کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے مختلف تراغیب کی ضرورت ہے۔ مکئی کی فصل کو خشک سالی برداشت کرنے کے لیے غذائی اجزاء کو پورا کرنا خاص طور پر نیم بنجر علاقوں میں بہت اہم ہے۔ اوپر بیان کیے گئے مسئلے کو ذہن میں رکھتے ہوئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ایگرانومی والے کھیت میں دو تجربے کئے گئے ان تجربات میں مکئی کی Dekalb-6525 ھائبرڈ استعمال کی گئی۔ پہلے تجربے میں آبپاشی کے دباؤ کے درجات (کوئی دباؤ نہیں، 25 mm آبپاشی اور 50 mm آبپاشی) دی گئی اور اس کے ساتھ نائٹروجن اور زنک کے درجات (سفارش کردہ NPK، 200 کلو نائٹروجن اور سفارش کردہ PK، 300 کلو نائٹروجن اور سفارش کردہ PK، 12 کلو زنک + سفارش کردہ NPK، 12 کلو زنک +200 کلو نائٹروجن + سفارش کردہ PK اور 12 کلو زنک +300 کلو نائٹروجن + سفارش کردہ PK) استعمال کیے گئے۔ دوسرے تجربہ میں پہلے والے آبپاشی کے دباؤ کے درجات اور پوٹاشیم کے درجات (سفارش کردہ NPK، 100 کلو پوٹاشیم اور سفارش کردہ NP، 150 کلو پوٹاشیم اور سفارش کردہ NP، 12 کلو زنک + سفارش کردہ NPK، 100 کلو پوٹاشیم +12 کلو زنک + سفارش کردہ NP اور 150 کلو پوٹاشیم +12 کلو زنک + سفارش کردہ NP) استعمال کیے گئے۔ نتائج سے یہ پتہ چلا کہ آبپاشی دباؤ کی صورت میں نائٹروجن اور زنک کا ایک ساتھ دینا مکئی کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ نتائج میں مناسب آبپاشی والے پلاٹ نے دوسرے پودوں کی نسبت زیادہ پیداوار دی۔ غذا کے اعتبار سے وہ والے پودے جن کو 12 کلو زنک +300 کلو نائٹروجن + سفارش کردہ PK دی گئی انھوں نے دوسرے پودوں کی نسبت زیادہ پیداوار دی اور انکی بڑھوتری بھی تیزی سے ہوئی۔

Mitigation of drought stress in maize hybrid through different nutrient management strategies

A study was conducted to find the most appropriate integrated nutrients levels for alleviating the drought stress effects when grown in drought stress circumstances. Two experiments were carried out during the year 2013 and then repeated in 2014 at Agronomic Research Area, University of Agriculture Faisalabad. The commercial exotic hybrid Dekalb-6525 (for spring) from Monsanto Pakistan Agri. Tech. Pvt. Ltd was sown during both the years of experimentation. The first experiment was comprised of irrigation levels (I1 = No irrigation stress (100 % F.C), I2 = Irrigation at 25 mm (75 % F.C), I3 = Irrigation at 50 mm (50 % F.C) and N + Zn levels (T1 = Control (Recommended dose of NPK), T2 = 200 kg ha-1 N + Recommended dose of PK, T3 = 300 kg ha-1 N + Recommended dose of PK, T4 = 12 kg ha-1 Zn + Recommended dose of NPK, T5 = 200 kg ha-1 N + 12 kg ha-1 Zn + recommended dose of PK, T6 = 300 kg ha-1 N + 12 kg ha-1 Zn + recommended dose of PK). In second experiment, same irrigation levels were used with K + Zn levels (T1 = Control (Recommended dose of NPK), T2 = 100 kg ha-1 K + Recommended dose of NP, T3 = 150 kg ha-1 K + Recommended dose of NP, T4 = 12 kg ha-1 Zn + Recommended dose of NPK, T5 = 100 kg ha-1 K + 12 kg ha-1 Zn + Recommended dose of NP, T6 = 150 kg ha-1 K + 12 kg ha-1 Zn + Recommended dose of NP). The results showed that under the drought stress nitrogen application with zinc has enhanced the all attributed positively and enhanced yield. Application of optimum irrigations improved all the physiological traits over all other irrigation treatments. The crop applied with no irrigation stress and fertilized by integrated application of chemical fertilizers (300-125-125 kg ha-1 NPK + Zn 12 kg ha-1) T6 treatment produced the highest grain yield of 8.57 t ha-1 in 2013 and 8.12 t ha-1 in 2014 respectively.

گندم کی پچھیتی فصل پر مورنگا کا سپرے

پی ایچ ڈی سکالر: شہباز خاں نگران: ڈاکٹر شہزاد مقصود احمد بسراء شعبہ: ایگرانومی

مورنگا ایک کثیر المقاصد کرشماتی پودا ہے جسے مقامی زبان میں سوہانجنا کہا جاتا ہے۔ مورنگا بہت زیادہ غذائی، طبی اور صنعتی اہمیت کا پودا ہے۔ اس پودے کی مختلف اقسام پاکستان میں پائی جاتی ہیں مثلاً سفید بیج والا مورنگا، کالے بیج والا مورنگا اور PKM-1۔ سفید بیج والا مورنگا باقی اقسام کی نسبت قدرے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ مورنگا دنیا بھر میں انسانوں اور جانوروں کے لیے بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے اس کے پتوں میں دودھ سے دوگنا زیادہ پروٹین اور چار گنا زیادہ کیلشیم، گاجر سے چار گنا زیادہ وٹامن اے، سنگترے سے سات گنا زیادہ وٹامن سی، کیلے سے تین گنا زیادہ پوٹاشیم اور دہی سے دوگنا زیادہ پروٹین پائی جاتی ہے۔ پتوں کے علاوہ اس کے ہر حصے میں بھی بہت زیادہ غذائی اور طبی اجزاء مثلاً وٹامنز، کیلشیم، میگنیشیم، فاسفورس اور زنک وغیرہ پائے جاتے ہیں جو کہ بہت سی بیماریوں کو قابو کرنے کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ اس پودے کا ہر حصہ قابل استعمال ہے۔ مورنگا بہت تیزی سے بڑھنے والا پودا ہے۔ اس کا قدرتی مسکن شمالی بھارت اور جنوبی پاکستان ہے۔ اب یہ تقریباً دنیا کے مختلف ممالک میں کاشت کیا جا رہا ہے۔ یہ پودا پاکستان میں سندھ اور جنوبی پنجاب کے علاقوں میں کئی سالوں سے پایا جاتا ہے۔ اس کے پتے جنوری اور فروری میں زرد ہو کر گر جاتے ہی۔ مارچ کے مہینے میں نئی کونپلیں اور پھول نکلتے ہیں۔ اس پودے کا ہر حصہ اپنی خوبیوں کی وجہ سے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ مورنگا کے پتوں کا جوس نمکیات اور دوسرے ضروری اجزاء سے بھرپور ہوتا ہے۔ اس کے سپرے سے فصلوں کی پیداوار بہت اچھی ہوتی ہے۔ جوس نکالنے کے لیے مورنگا کے تازے پتے لیں، دھونے کے بعد ان کا نچوڑ نکال لیں۔ مورنگا کے پتوں کا نچوڑ فصلوں کے لیے اعلیٰ درجے کا گروتھ ہارمون ہے۔ نچوڑ نکالنے کے لیے پتوں کو برقی شیکر میں پیس کر ململ کے کپڑے سے نچوڑ لیں۔ اس کے علاوہ سپرے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک کلوگرام مورنگا کے تازہ پتے پیس کر ململ کے کپڑے میں پوٹلی بنا کر 20 لٹر والی ٹینکی میں پانی بھر کے اس میں نچوڑ لیں۔ اس طرح کی چار ٹینکیاں ایک ایکڑ فصل پر سپرے کر دیں تو اس کے فصل کی بڑھوتری پر مثبت

اثرات مرتب ہوتے ہیں۔مورنگا کے پتوں کا جوس غذائی، تیل دار اور نقد آور فصلوں پر کیا جاسکتا ہے لیکن اس کے سب سے بہتر نتائج غذائی فصلوں سے حاصل ہوئے ہیں۔مورنگا کے پتوں کے سپرے کے ذریعے 20 سے 35 فیصد تک پیداوار میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔گندم پر اس کا سپرے بہت ہی زیادہ موثر ہے چاہے وہ اگیتی فصل ہو یا پچھیتی ۔اس حوالے سے ایک تجربہ کیا گیا ہے جس میں اگیتی اور پچھیتی فصل پر سپرے کیا گیا ہے اور اس کے نتائج بہت اعلیٰ آئے ہیں۔اس تحقیق میں گندم کی پہلی بوائی 20 نومبر 2015ء اور دوسری بوائی 10 دسمبر 2015ء کو کی گئی اور فصل پر دو دفعہ سپرے کیا گیا تھا۔ پہلے سپرے شگوفے بنتے وقت اور دوسرا گوبھ کی حالت کے دوران۔وقت پر کاشت کی گئی گندم کی مجموعی پیداوار میں 27 فیصد اور دیر سے کاشت کی گئی گندم میں 35.5 فیصد اضافہ ہوا جبکہ دانوں کی پیداوار میں 23 فیصد وقت پر کاشت کی گئی اور 32 فیصد پچھیتی گندم میں اضافہ ہوا۔مورنگا کا سپرے نہ صرف پیداوار میں اضافے کا باعث بنا بلکہ اس سے فصل کی قوت مدافعت میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا جو کیمیائی تجزیہ سے ظاہر ہوا۔ پچھیتی گندم کی پیداوار میں جو خاطر خواہ اضافہ ہوا وہ صرف اور صرف مورنگا کے پتوں کے محلول کی مرہون منت تھا لہٰذا اگر کسی وجہ سے بھی پچھیتی گندم کاشت کی جائے تو اس پر مورنگا کے پتوں سے حاصل شدہ محلول کا سپرے لازمی کریں اور اپنی فصلوں کی پیداوار کو بڑھائیں۔

Impact of growth promoters on the storage life of moringa leaf extract as biostimulant in wheat

Exogenously applied all leaf extract alone or in combination with plant growth substances improved performance of wheat. While leaf extract of white seeded moringa landrace was found most effective source of biostimulant alone as well as in combination with growth promoting substances. Exogenously applied leaf extract as priming agent reduced time to 50% emergence (14.7% alone and 20% blended MLE), mean emergence time (5%) and hence improved emergence index (25.6% alone and 29.8% blended) as compared to control. Furthermore improved growth was also observed i.e. higher root length (40% priming application) and dry weight (47% foliar application) were found as compared to control. Foliar application as well as priming approach of MLE alone and with growth promoting substances was found better than control moreover foliar effects were more prominent. Foliar application of MLE improved biological yield (27.59% in normal sown and 32.6% in late sown) and grain yield (23% in normal sown and 26.28% in late sown) as well biochemical parameters (Phenolics 34% in normal and 39% in late sown wheat) as compare to control. Effectiveness of stored MLE was maintained up to one month by storing at ambient as well low temperature conditions. Effectiveness of moringa leaf extract was reduced with storage duration. All Foliar applications were efficient while fresh moringa leaf extract was the most effective in improving biochemical parameters (total Chl 37% in normal and 35% in late sown wheat, phenolics 37% in normal and 35.5% in late sown wheat) and biological yield (27% in normal sown and 32% in late sown) and economic yield (23% in normal and 24.6% in late sown wheat). The growth enhancing capabilities significantly decreased with storage time under both sowing conditions. Worth seeing observation was, increase in biological and economic yield in late sown crop plants due to foliar application of fresh MLE as compare to control in timely sown wheat. Maximum biostimulant potential of leaf extract of white seeded moringa, alone and in combination with growth promoting substances, was observed regarding seedling performance which were correlated with higher contents of ascorbic acid and phenolics.

مکئی میں جڑی بوٹیوں کے بیجوں کے ذخیرہ کے کنٹرول سے جڑی بوٹیوں کا تدارک

پی ایچ ڈی سکالر: قیصر مقصود نگران: ڈاکٹر رانا ندیم عباس شعبہ: ایگرانومی

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ایگرانومی ریسرچ فارم پر سال 2013-2014 ء میں تجربات کئے گئے۔مکئی کی فصل لگانے سے پہلے زمین کی مختلف گہرائیوں (5 سے 25 سینٹی میٹر) سے مٹی لی گئی تاکہ مٹی میں پہلے سے موجود بیجوں کو پرکھا جاسکے پھر اسی زمین پر کلٹیویٹر (Cultivator)، روٹاویٹر (Rotavator)، راجاہل (Moulboard Plough)، چیزل ہل (Chisel Plugh) چلا کر کاشت کے لیے تیار کیا گیا۔ کھیلیوں پر مکئی کی کاشت کے 20 دن بعد جڑی بوٹیوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ایٹرازین (Atrzine) کا محلول سپرے کیا گیا اور کچھ پلاٹس میں ہاتھ سے گوڈی کی گئی جبکہ کچھ میں موجود جڑی بوٹیوں کو بنا کسی تدارک کے رہنے دیا گیا۔ فصل کی کاشت سے پہلے لئے گئے مٹی کی نمونوں سے معلوم ہوا کہ اوپر کی تہہ (0-5 سینٹی میٹر) میں 10,00 بیج فی مربع میٹر موجود تھے۔تجربے کے دوران دیکھا گیا کہ وہ پلاٹس جہاں راجاہل چلایا گیا تھا اور بعد میں ایٹرازین سپرے یا گوڈی سے جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کیا گیا تھا وہاں پر مکئی کی فصل کی خوب نشوونما ہوئی جبکہ جہاں دیگر ہل استعمال کیے گئے وہاں پر جڑی بوٹیوں کی بوٹیوں کی تعداد میں کمی واقع نہ ہوئی۔گوڈی کے ذریعے جڑی بوٹیوں کا تدارک تین گنا زیادہ مؤثر ثابت ہوا۔فصل کی کٹائی کے بعد زمین کی مختلف تہوں سے پہلے کی طرح جڑی بوٹیوں کے بیجوں کو جانچا گیا تو معلوم ہوا کہ جہاں راجاہل چلایا گیا تھا۔وہاں اوپر والی سطح پر بیجوں کی تعداد میں کمی واقع ہوئی کیونکہ راجاہل نے زمین کی تہہ کو الٹ دیا تھا جس کی وجہ سے نیچے والی تہہ اوپر آ گئی نیچے والی تہہ میں موجود بیج اگنے کی کم صلاحیت رکھتے تھے۔جب اگنے والے بیجوں کو گوڈی سے کنٹرول کیا گیا تو اس میں مزید کمی واقع ہوئی۔یہ کمی 2014ء کی تجربے میں بھی دیکھی گئی۔جڑی بوٹیوں کے بیجوں میں اس طرح کمی سے یہ ثابت ہوا کے اگر ہم کچھ سالوں تک زیر زمین بیجوں کو دبا کر یا ان کے خاتمہ سے آنے والے سالوں میں ان جڑی بوٹیوں سے خاصی حد تک نجات حاصل کرسکتے ہیں۔اس طریقے سے ہم اپنی فصلوں کی پیداوار بھی بڑھا سکتے ہیں۔

Impact of changes in weed seed bank on weed density, biomass and maize productivity

The experiment was conducted at the Agronomic Research Area, University of Agriculture, Faisalabad to study the weed seed bank in soil. The experiment was laid out in randomized complete block design with split arrangement having three replications and plot size of 6 m × 4.5 m. Soil of the field in the both years was well drained sandy loam. The field was under maize (Zea mays L.) crop since last five years. During both years, data was taken before sowing and after harvesting of

autumn planted maize. Four tillage treatments were kept in main plot, viz. cultivator only, rotavator, mouldboard plough and chisel plough. Weed management treatments were kept in the sub plots viz. chemical spray (Atrazine 330 EC @ 1.00 kg a.i. ha-1) at 20 DAS, hand weeding at 20 and 40 DAS and weedy check (no weeding). Soil samples were taken from 0-5, 5-10, 10-15, 15-20 and 20-25 cm soil depth with soil auger (corer) having 76 mm internal diameter. Samples were taken from five different places within the plot. Maize was sown on ridges 75 cm apart in the first week of August both years. The present study concluded that the highest weed seed density is confined to the soil surface (0-10 cm soil core) as has been shown in many previous studies. Different tillage systems significantly affect the size, distribution and make up of weed seed bank in soil, and the effectiveness of the tillage system in reducing the weed seed bank depended upon the tillage implement used. As the MB plough cut and inverted the soil, it had the greatest role in weed seed bank dynamics in soil. Reduced tillage did not reduce the most important weed seed bank in the upper soil layer Weed management practices like chemical spray and manual weed control restricted the above ground weed flora so decreasing the subsequent deposition of further weed seed to the weed seed bank account. These weed management practices, by reducing weed loads, also increased crop yield and yield components of maize.

چنائی کے بعد کپاس کے بیج کے اعلیٰ معیار کے حصول کیلئے حفاظتی اقدامات

پی ایچ ڈی سکالر: محمد کامران نگران: ڈاکٹر عرفان افضل شعبہ: ایگرانومی

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں کئے گئے تجربے کے دوران کپاس کے 11 فیصد نمی والے بیج کو ڈرائی بیڈز کے ساتھ ایک گھنٹے میں 5 فیصد فیصد نمی تک خشک کیا گیا۔ بیج کو خشک کرنے کے بعد اگلا مرحلہ دورانِ ذخیرہ اعلیٰ کوالٹی کو برقرار رکھنے کیلئے بیج کو خشک اور سرد رکھنا ہے جبکہ روایتی طور پر بیج کو دھوپ میں خشک کر کے کپڑے یا پٹ سن کی بوری میں بند کر کے گوداموں میں رکھ دیا جاتا ہے جہاں موسمی تغیر اور شدت بیج میں موجود نمی کے تناسب پر براہِ راست اثر انداز ہو کر نا صرف بیج میں حیاتیاتی کیمیائی عوامل کو تیز کر دیتے ہے بلکہ بیج کے نقصان دہ کیڑوں کے حملے میں بھی معاون ثابت ہو کر بیج کی کوالٹی کو بُری طرح خراب کرتے ہے۔ اس کے برعکس صنعت بیج کو سرد خانے میں ذخیرہ کر کے کوالٹی کو قدرے محفوظ تو کر لیتی ہے مگر توانائی کا بحران، نامناسب پیکنگ اور درکار زرِ مبادلہ صنعت کاروں کیلئے مستقل پریشانی کا سبب ہے۔ تاہم اگر بیج کو ڈرائی بیڈز سے خشک کرنے کے بعد کسی ہوا بند پلاسٹک بیگ یا ڈرم میں ڈرائی بیڈز کے ساتھ پیک کر دیا جائے تو بغیر کسی اضافی توانائی اور خرچ کے بیج دورانِ ذخیرہ لمبے عرصے تک خشک رہتا ہے جس سے نا صرف اسکی کوالٹی محفوظ رہتی ہے بلکہ اسے ضرر رساں کیڑوں اور پھپھوندی سے بھی بچایا جا سکتا ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں دورانِ تجربہ کپاس کے ڈرائی بیڈز سے خشک شدہ بیج کو بیڈز کے ساتھ ہوا بند پلاسٹک بیگ میں پیک کر کے پانچ مہینے تک سٹور کیا گیا اور دورانِ ذخیرہ بیج کے اُگاؤ کو تجربہ گاہ میں پرکھا گیا۔ ذخیرہ کے بعد بیج کے اُگاؤ میں کوئی کمی نہیں دیکھی گئی اور اگلے سال بوائی کیلئے اعلیٰ کوالٹی کا بیج فراہم ہوا۔ نتیجتاً بیج کے اندر نمی اسکے معیار کو سب سے زیادہ متاثر کرنے والا عنصر ہے۔ چنانچہ بیج کے اعلیٰ معیار کو محفوظ بنانے کیلئے کم خرچ اور یقینی عوامل کپاس کو خشک اور گرم موسم میں صبح شبنم خشک ہونے کے بعد سے شام پانچ بجے سے پہلے چن کر فوری طور پر پختہ فرش پر دھوپ میں بکھیر کر خشک کرنے کے بعد جتنا جلدی ہو جیننگ سے بیج کو علیحدہ کر لیا جائے۔ بعد ازاں کپاس کے علیحدہ شدہ بیج کو کسی پختہ فرش پر دھوپ میں ممکن حد تک اور مزید ڈرائی بیڈز سے مطلوبہ حد تک خشک کر کے فوراً ہوا بند پلاسٹک بیگ یا ڈرم میں سٹور کیا جائے اور باقاعدگی سے ہر ماہ اس میں موجود نمی کا تناسب چیک کیا جائے اگر نمی مطلوبہ حد سے تجاوز کرے تو حسبِ ضرورت ڈرائی بیڈز کی مدد سے اسے فوراً کم کیا جائے۔ درج بالا تجربات کی روشنی میں مروجہ ہدایات پر عمل کر کے نا صرف کسان کو بوائی کے وقت اعلیٰ معیار کا بیج فراہم ہوگا بلکہ یہ بیج کی محفوظ ترسیل اور کپاس کی بہترین پیداوار کے حصول کیلئے بھی اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔

Cotton picking and appropriate handling module build a milestone towards seed security

Seed is living entity so continued all fundamental processes but extent of these processes depends upon physiology and external environment. During development seed accumulates food reserved in stored tissues while as the ripening proceed seed slower down all biochemical process to minimize reserved utilization and get dormant. As the seed development completed dormancy depends upon external environment as hot and humid climate break the dormancy and boost up biochemical process that utilized food reserved and affect seed quality. After careful monitoring of all pre-harvest factors of seed production a producers or farmer should be equipped with technical and advanced knowledge of harvesting and post-harvest handling of seed. For picking five connective hot and dry days must be selected by careful monitoring of metrological forecasting. After days selection the picking time must be done in sun shine for this purpose picking should not be started after 9 am and end before 5pm because in early morning and late evening seedcotton moisture is quite high due to dew and fog respectively that directly affected the lint and seed quality. After picking, seedcotton must be dry to <12% moisture contents as quick as possible to preserve the cottonseed from physical damages during ginning. But commonly producers and farmers in greed of maximum utilization of labor start picking in early morning and continue till late evening. After full day picking when seedcotton is pooled up, some hand picks of early morning and late evening in seedcotton have very high moisture and affect directly to lint and seed quality till ginning. Right after ginning cottonseed must be dried quickly to 8% moisture contents to preserve its quality during storage. Conventionally cottonseed is spread over the floor in sun and in principal sun lowers the relative humidity (RH) by warming up the ambient air and seed loose water but in addition to this sun also warm up the seed which accelerate the production of reactive oxygen species (H- and OH-) that trigger the seed

deterioration process i.e. lipid peroxidation. Moreover, sun also warms up the soil surface and raise the relative humidity under the seed layer and increase the infestation of fungus. While most of the seed industries improve the drying by placing seed in special drier where RH is reduced on expense of energy. But in most of the developing countries energy is the limiting factors so delayed in drying continue the deterioration process in seed. Keeping in view all above drying delinquencies, Rhino Research Group in Thailand made some advancement in seed drying by introducing zeolite beads for seed drying. Zeolite beads are ceramic materials compressed in the form of beads having microscopic pores that cling water molecules from external environment and reduce RH sharply around the seed force seed to shift the water from inside to external air to equilibrate RH and ultimately seed dry quickly without risk of quality loss by heating. During storage only principle of quality preservation is to keep the seed dry and cool as much as possible. Conventionally seed had been being packed in clothes or gunny bags and stored in godowns but this method couldn't ensure the good seed quality because fluctuates in weather may increase external RH which influence seed to absorb moisture and trigger deterioration process and insect pest infestation. Beside this industries have developed cold storage room to arrest deterioration on expense of energy but in some developing countries energy is limiting factor. Fortunately, zeolite beads provide safe storage module for instance when seed packed with beads in air tight containers/bags lower value of RH can be maintained effectively which keep seed dry and conserve quality throughout the storage. Conclusively, moisture is a main culprit in affecting cottonseed quality thus integrated approach should be applied to dry seed during harvesting and post-harvest handling. Picking of fully opened mature bolls, in hot and dry weather delivers dry seedcotton which shield the seed from physical damages during ginning. Furthermore, drying of cottonseed quickly by drying beads or economically drying under sun first to lowers seed moisture contents as much as possible (i.e. 12 to 9%) followed by additional drying with drying beads lower moisture level (9 to 6%). Dried seed must be packed in hermetically sealed bags to avoid moisture and oxygen entrance. During storage, RH and temperature should be monitored periodically in seed packing, if RH exceeds, drying beads must be added to lower RH quickly which minimize risk of physiological quality losses. Consequently, farmers can achieve high quality seed at the time of planting which built a pavement towards seed security.

اناج میں پھلی دار چارہ کی مخلوط کاشت کے فوائد

پی ایچ ڈی سکالر: محمد کامران خاں نگران: ڈاکٹر محمد شاہد ابن ضمیر شعبہ: ایگرانومی

پاکستان کی آبادی بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے لہٰذا ہم چارہ کی کاشت کا رقبہ نہیں بڑھا سکتے کیونکہ ہمیں بڑھتی ہوئی آبادی کو خوراک مہیا کرنی ہے۔ لیکن ہم چارہ کی پیداوار اور کوالٹی بڑھا کر اس کمی کو پورا کر سکتے ہیں۔ مال مویشی پالنے میں سب سے بڑا مسئلہ چارے کی گھٹیا کوالٹی ہے۔ کوئی بھی کام جو زمین کی معاشی اور قدرتی استعداد کو بڑھانے کے لیے کیا جائے (گوڈی) کہلاتا ہے۔ زراعت میں فصلوں کی پیداوار کے حوالے سے زمین کی تیاری سب سے اہم مرحلہ ہے۔ عام طور پر کم قیمت اور زیادہ (خشک مادہ) کی بدولت اناج کو چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اس لیے اناج میں چارے کی خصوصیات نہ ہونے کے باعث اس میں اجزائے خوراک کا تناسب بھی کم ہوتا ہے۔ پھلی دار فصلوں میں خشک مادے کی مقدار کم ہوتی ہے لیکن اس میں بطور چارہ استعمال ہونے کی بہت اچھی صلاحیت ہوتی ہے۔ اناج میں حیاتین کی مقدار خاص طور میں مکئی میں بہت کم ہوتی ہے حیاتین جانوروں کی بڑھوتری اور دودھ کی پیداوار کا بہایت اہم جزو ہے۔ جگالی کرنے والے جانوروں میں خوراک کو ہضم کرنے کے لیے خاص قسم کا بیکٹیریا پایا جاتا ہے۔ جس کو حیاتین کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے اس لیے بات کی ضرورت ہے کہ جانوروں کو اضافی حیاتین مہیا کئے جائیں جب کے ان کو عام چارہ جات دیئے جاتے ہیں۔ اضافی حیاتین زیادہ قیمت کے حامل اور پیداواری قیمت میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ اس مسئلے کا سب سے بہترین حل پھلی دار چارے کی اناج کے ساتھ مخلوط کاشت ہے اس سے بہت اعلیٰ خصوصیات کا حامل چارہ تیار کیا جاسکتا ہے۔ دنیا کے کسی بھی ملک میں مناسب مقدار میں اعلیٰ خصوصیات کا حامل چارہ جانوروں کی پیداواری استعداد کو بڑھانے کے لیے ضروری سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان میں چارے کی قلت کے دو اہم دورانیے میں ایک موسم سرما (نومبر سے جنوری) اور دوسرا موسم گرما (مئی سے جولائی) تک باقی سال چارہ بکثرت دستیاب ہوتا ہے۔ یہ صورتحال اس بات کی متقاضی ہے کہ چارہ جات کی اجزائے خوراک اور مقدار کو بڑھانے کے اقدامات اٹھائے جائیں بغیر اضافی زمین اور نقد آور فصلوں کی تعداد میں کمی کے اس سے ہم چارے کی طلب اور رسد کے درمیان خلا کو پُر کر سکتے ہیں۔ چارے کی ذخیرہ کاری ایک اہم طریقہ کار ہے جس کی چارے لمبے عرصے تک اس کے اجزائے خوراک ضائع کئے بغیر محفوظ کیا جاتا ہے۔

Cereals-legume forage intercropping benefits

Cereal -legume intercropping is the best strategy for producing high quality forage. A consistent supply of quality forages in sufficient amounts is considered essential for efficient ruminant production in any county of the world. In Pakistan, there are two important fodder scarcity periods, one is during winter months (November to January) and other is during summer months (May to July) and in rest of the year fodder availability is fairly regular and abundant. This situation calls for the exploration of different means to improve quality and quantity of roughages without sacrificing the area under cash crops. Manipulating this surplus fodder can bridge the gap between supply and demand. Silage making is one of the important techniques in this regard. The main goal of silage making is to preserve as much of the nutritional value of the original crop as possible. Cereal-legume intercropping improves the fermentation characteristics and nutritive value of silage. Silage from

intercropped fodder provides low cost metabolized energy and ruminally degradable protein. Animal performance improves when they are fed intercropped silage.

کلراٹھی زمینوں کی بہتری کیلئے رائزوبیل کنسورشیم اور فصلوں کے ہیر پھیر کا کردار

پی ایچ ڈی سکالر: قاسم علی   نگران: ڈاکٹر ظہیر احمد ظہیر   شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف سوائل اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز

کھاری اور کلراٹھی زمینوں میں اُ گائی گئی مسور اور چنے کی فصل میں صحت مند پودوں کا انتخاب کیا گیا اور اُن کی جڑوں سے گانٹھیں حاصل کر کے لیبارٹری میں ایک خاص طریقہ کار کے ذریعے رائزوبیا حاصل کئے گئے۔ان رائزوبیا کو لیبارٹری میں بہت سے تجربات سے گزار کر ان کی خصوصیات کا بخوبی مشاہدہ کیا گیا اور مطلوبہ خوبیوں کے حامل رائزوبیا کو مخصوص اعداد دے کر محفوظ کر لیا گیا۔مزید براں محفوظ کئے گئے تمام رائزوبیا کو نمک کی مختلف مقدار برداشت کرنے کی صلاحیت کیلیے بھی ٹیسٹ کیا گیا۔جس کے لئے سوڈیم کلورائیڈ سے کلر کے مختلف درجے تیار کئے گئے اور ان پر رائزوبیا کی نشوونما دیکھی گئی۔ان تجربات سے یہ بات دیکھنے میں آئی کہ نمک کی بڑھتی ہوئی مقدار رائزوبیا کی نشوونما اور تعداد کو کم کر دیتی ہے۔تمام رائزوبیا نمک کی ہر مقدار پر نشوونما پا سکتے ہیں مگر چند رائزوبیا کی اقسام میں نمک کو برداشت کرنے کی صلاحیت باقی رائزوبیا سے کہیں بہتر ہے۔بہترین کارکردگی رکھنے والے رائزوبیا کی دس دس سٹرینز کو لیبارٹری کے اندر مکئی کے بیجوں پر لگا کر مختلف نمک کے درجوں پر اُ گا کر ابتدائی تجربات حاصل کئے گئے۔جس کے نتیجے میں مسور اور چنے کی جڑوں سے حاصل کئے گئے رائزوبیا میں سے دو، دو بہترین رائزوبیا جنہوں نے کلّر کے انتہائی درجے پر مکئی کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا تھا انہیں مزید تجربات کے لئے چن لیا گیا۔چُنے گئے رائزوبیا کی کارکردگی کو قدرتی حالات میں جانچنے کے لئے یونیورسٹی فارم میں موجود وائر ہاؤس میں گملوں کے اندر مکئی کے پودے اُ گا کر تجربات کئے گئے۔یہ پودے سوڈیم کلورائیڈ سے بنائے گئے نمک کے مختلف درجوں پر اُ گائے گئے تھے۔ان تجربات کے نتائج سے یہ بات سامنے آئی کہ جیسے جیسے نمک کے درجے بڑھائے جاتے رہے، مکئی کی فصل میں اسی حساب سے کمی آتی گئی، مگر جن پودوں کے بیجوں پر رائزوبیا کا استعمال کیا گیا تھا وہ پودے نمک کے مضر اثرات سے کافی حد تک محفوظ رہے۔اس کے علاوہ کچھ پودوں پر تمام چُنی گئی رائزوبیا کی سٹرینز استعمال کی گئی جس سے بہترین نتائج سامنے آئے۔اس کے علاوہ کچھ سٹرینز کو مکئی پر اکٹھا استعمال کیا گیا تھا، جس سے بہترین نتائج سامنے آئے۔مکئی کی کاشت کے بعد انہیں گملوں میں آئندہ مناسب موسم میں مسور اور چنے اُ گا کر ان پر ریزیڈیول ان اوکولیشن کے اثرات کا مطالعہ کیا گیا جس کے خاطر خواہ نتائج دیکھنے کو آئے سب سے زیادہ نشوونما اور پیداوار ان گملوں میں ریکارڈ ہوئی جن پر تمام رائزوبیا کو ملا کر استعمال کیا گیا تھا۔مزید براں، تمام رائزوبیا کے استعمال نے کنٹرول کی نسبت خاطر خواہ پیداواری اضافہ ظاہر کیا۔گملوں سے حاصل ہونے والے تسلی بخش نتائج کے بعد ان تمام رائزوبیا کی سٹرینز اور ان کے کنسورشیم کو فارم فیلڈ میں استعمال کیا گیا۔اس مقصد کے لیے بارہ سال سے بنجر کلّراٹھے کھیت کا انتخاب کیا گیا، جس میں نمکیات کی مقدار اوسطاً 5 سے 7 ڈیسی سیمن پر میٹر تھی۔اور کھیت کو برابر حصوں میں تقسیم کر لیا گیا تا کہ تمام ٹریٹمنٹ میں بعد ازاں مسور اور چنے کی فصل کو اُ گا کر ریزیڈیول اثرات کو چیک کیا جا سکے۔تمام تجربات کو تین سال تک دہرایا گیا تا کہ کھیت کی بڑھتی ہوئی پیداواری صلاحیت کو اچھی طرح پرکھا جا سکے۔پہلے سال کے نتائج کچھ اس طرح برآمد ہوئے کہ مکئی اور بعد ازاں اُ گائی گئی فصلیں کھیت کے نمکیات کے مضر اثرات کی وجہ سے اچھی طرح نشوونما نہ پا سکیں، مگر رائزوبیا کے استعمال اور کنٹرول پلاٹ کی پیداوار میں واضح فرق تھا۔دوسرے اور تیسرے سال کے تجربات سے یہ بات ثابت ہوئی کہ رائزوبیا اور فصلوں کے اُ گانے کی وجہ سے بتدریج زمین کی زرخیزی میں بڑھوتری اور ہر سال رائزوبیا کے استعمال سے رائزوبیا کی اکلیمائی ٹائی زیشن میں اضافے سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ان تمام تجربات سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے کہ "رائزوبیا کے کنسیورشیا کے استعمال اور فصلوں کی گردش سے کلّراٹھی بنجر زمینوں کو قابلِ کاشت بنایا جا سکتا ہے۔"

Rhizobial inoculation for improving productivity of maize and subsequent legumes under saline conditions

In first laboratory study, a large number of rhizobial strains were isolated from root nodule of lentil and chickpea from different salt-affected fields. Twenty fast growing colonies (ten from each legume) were assayed for osmotolerance in vitro. These strains were grown at five different NaCl salinity levels i.e. control, 4, 8, 12 and 16 dS m-1 and the optical density was measured. Lentil isolates LRM-5 and LRM-10 showed the maximum growth in term of OD and less sensitivity to salt stress at all salinity levels. Similarly, chickpea isolates CRM-7 and CRM-9 were least sensitive to salt stress and gave highest OD at all salinity levels. In second laboratory study, isolates were screened for improving growth of maize seedlings under salt stressed gnotobiotic conditions. Salinity stress significantly caused reduction in growth of maize seedling. These strains also showed highest salt tolerance index. Therefore, they were selected for pot and field trials.The selected rhizobial strains were also assessed for their compatibility to each other. Results of cross and Venn streak assay showed that all these four rhizobial isolates were compatible to be used as consortium. In third study, the selected rhizobial isolates, individually and in a combination (LRM-5, LRM-10, CRM-7 and CRM-9), were evaluated in pots for improving growth and productivity of maize plants at different salinity levels (Original, 4 and 8 dS m-1). The growth, physiology, photosynthesis, ionic contents, chlorophyll contents, antioxidant activities, proline contents and yield of maize were affected by salinity. In fourth study, single and multi-strain rhizobial inoculation under field conditions resulted in significant increase in cob yield, plant biomass, grain and straw yield of maize. Antioxidant activities reduced the impact of reactive oxygen species on plants under salt-stressed conditions. In the fifth and final study, salinity stress also negatively affected the nodulation, nitrogen, protein content and yield of lentil and chickpea plants grown subsequently to the maize in pots as well as in field conditions. However, inoculation significantly improved all these attributes compared to respective un-inoculated control. More improvement due to inoculation was observed at high salinity level compared to lower salinity levels in pots. In field trials, maximum increase was in nodulation, nitrogen, protein content and yield of lentil and chickpea was observed in third years of experiment. Conclusively, multi-strain rhizobial inoculants especially from different legumes could be a good strategy for improving growth and

productivity of maize and subsequent legumes under salt stressed conditions. However, the degree to which these inoculants impart benefits to plant growth can vary with the conditions and rhizobial strains. A consortial inoculant containing rhizobia with multiple traits seems to be more useful under diverse conditions compared to an inoculant with single strain containing single trait.

پوٹاشیم، زنک اور مورنگا کے سپرے کا کینولہ کے پودے اور پھل کی کوالٹی پر اثر

پی ایچ ڈی سکالر: مریم ناصر نگران: ڈاکٹر احمد ستار خاں شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز

پہلے سے کی گئی تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ زنک اور پوٹاشیم کو اکٹھا سپرے کیا جائے تو یہ ترشاوہ پھلوں کے پتوں کی نمکیات میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ پھل اور پھلوں کے گرنے میں کمی پیدا کرتے ہیں۔ یہ پیداوار میں بھی اضافہ کرتے ہیں اور جوس کی مقدار پھلوں کی سائز اور کوالٹی کو بھی بہتر بناتے ہیں۔ مورنگا ایک قدرتی، موثر اور سستا گروتھ پروموٹر ہے جس نے زرعی تحقیق میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ مورنگا کے پتوں کا نچوڑ نمکیات (پوٹاشیم، زنک، لوہا کیلشیم)، وٹامن سی، امینوایسڈ (Amino acid) گروتھ ہارمون (سائٹوکائٹن) اور فینوکس کا مجموعہ ہے۔ تحقیق سے ثابت ہوا جب مورنگا کا نچوڑ پودوں/درختون (ناشپاتی، پیاز، مولی، مٹر اور ٹماٹر) پر سپرے کیا گیا تو اس کے مثبت نتائج سامنے آتے ہیں جن میں شامل پودوں کی بہتر نشوونما اور بڑھوتری ہے اور پھلوں کی کوالٹی میں اضافہ شامل ہیں۔ غرض کہ مونگا کے پتوں کا نچوڑ پودوں/درختوں کے لے بہت موزوں ہے۔ اگرچہ مورنگا، زنک اور پوٹاشیم کی اپنی اپنی اہمیت ہے مگر آج سے پہلے ان تینوں کا ترشاوہ پھلوں پر اکٹھا استعمال نہیں کیا گیا۔ درج بالا حقائق کی روشنی میں انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ایک مفصل تحقیق ترتیب دی گئی۔ اس مقصد کے لیے زنک، پوٹاشیم اور مورنگا کا علیحدہ علیحدہ اور ملا کر سپرے کیا گیا۔ زنک کی مقدار 0.6 فیصد (ZnSo4)، پوٹاشیم (K2So4 0.25%) اور مورنگا 3 فیصد استعمال کیا گیا۔ ان کی سپرے اس وقت کی گئی جب کینو کے پھل کا سائز مٹر کے دانے کے برابر ہو جائے۔ نتائج سے یہ بات ثابت ہوئی کہ اگر زنک، پوٹاشیم، مورنگا کا سپرے کیا جائے تو اس کے پتے کی نمکیات (پوٹاشیم، فاسفورس، کیلشیم، زنک، میگنیز اور لوہا) میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے بہ نسبت کنٹرول درختوں کے۔ اسی طرح کینو کی پیداوار، وزن، جوس کی کوالٹی، وٹامن سی، مٹھاس کی مقدار ان پھلوں میں نوٹ کی گئی جن پر زنک پوٹاشیم اور مورنگا ملا کر سپرے کیا گیا تھا جبکہ سب سے کم پھل ان درختوں سے گرے جن پر مورنگا اکیلا زنک اور پوٹاشیم کے ساتھ ملا کر کیا گیا۔ غرض یہ کہ مورنگا نہ صرف ایک قدرتی اور سستا گروتھ پروموٹر ہے جو کہ پیداوار کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے مگر اس کا استعمال کھادوں (زنک اور پوٹاشیم) کے ساتھ کیا جائے تو یہ ترشاوہ پھلوں خصوصاً کینو کے درخت بہتر بنانے کے ساتھ پیداوار میں اضافہ کرتا ہے اور پھلوں کی کوالٹی کو بھی اچھا کرتا ہے جس سے عام کسان کو فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔

Exogenous application of moringa (Moringa oleifera L.) leaf extract on ‘Kinnow’ mandarin

An integrated research plan was made to optimize the dose and time for foliar application of MLE and to evaluate the effect of MLE (3%), ascorbic acid (300 mg L-1), benzyl amino purine (BAP, synthetic cytokinins) (800 mg L-1) and nutrients [K (0.25% potassium sulphate) and Zn (0.6% zinc sulphate)] on „Kinnow. mandarin trees. Experiments were laid according to randomized complete block design where single tree was taken as experimental unit replicated four times. During various experiments data regarding leaf nutrient (N, P, K, Ca, Zn, Mn and Fe), chlorophyll a, chlorophyll b and ascorbic acid content was analyzed after 15 days of foliar application of treatments. Vegetative growth (tree height, trunk width, tree diameter, leaf size, leaf length, leaf width, flush length, number of leaves and leaf age) and reproductive growth (fruit set, fruit drop, fruit yield, number of fruits, number of marketable and unmarketable fruits) were determined during various fruit growth stages. Physical (fruit length, fruit diameter, fruit size, fruit weight, peel thickness, peel weight, seed weight, seed number, rag weight and juice weight) and biochemical fruit quality [souable solid content (SSC), titratable acidity (TA), SSC:TA ratio, pH, ascorbic acid, total sugars, non-reducing sugars, reducing sugars, total phenolic content, total antioxidants, antioxidative enzymes {superoxide dismutase (SOD), peroxidase (POD) and catalase (CAT)}] were determined at harvest. In the first experiment different concentration of MLE (2%, 3%, 4% and 5%) were tested on leave nutrient, chlorophyll and ascorbic acid concentrations. Among treatment, 3% MLE was found to be most effective dose for MLE as it improved leaf nutrient, ascorbic acid and chlorophyll contents. In second experiment 3% MLE was applied at different growth stages (3% MLE before flowering, 3% MLE at full bloom stage, 3% MLE at before flowering + fruit set stage, 3% MLE at pre- mature stage and 3% MLE at before flowering + full bloom stage + pre- mature stage). It was observed that 3% MLE at pre mature stage significantly increased K, P, Zn, Fe, chlorophyll and ascorbic acid concentration in leaves; improve vegetative growth, yield, marketable fruit number, fruit size, fruit weight, juice volume, SSC, TA, ascorbic acid, total sugars, non-reducing sugars, reducing sugars and total antioxidants in „Kinnow. mandarin fruits. In third experiment different concentration of ascorbic acid were used, and 300 mg L-1 of ascorbic acid proved to improve the nutrient (P, K, Ca, Zn, Mn and Fe), chlorophyll a and ascorbic acid contents in „Kinnow. mandarin leaves compared to control. In fourth experiment comparison of 3% MLE (at premature stage) was done with 800 mg L-1 BAP (at fruit set stage) and 300 mg L-1 ascorbic acid (at fruit set stage). Among treatments 3% MLE showed to be most effective in increasing leave mineral nutrient level (N, K, P and Mn), fruit set, yield, fruit weight, fruit size, juice weight, SSC, ascorbic acid and sugars, whereas maximum Zn contents in leaves and ascorbic acid and total phenolic contents in fruit juice was found with ascorbic acid treatment. In fifth experiment effect of exogenous

application of 3% MLE (at premature stage), 0.25% K (at fruit set stage), 0.6% Zn (at fruit set stage) and 3% MLE + 0.25% K + 0.6% Zn (at fruit set stage) on growth, productivity and fruit quality was evaluated. It was found that leave nutrients (N, P, K, Ca, Mn and Zn) and ascorbic acid contents were significantly increased with all treatments. Less fruit drop, maximum fruit set, yield, fruit weight, juice weight, SSC, vitamin C, sugars, total antioxidants and total phenolics were recorded with combine application of MLE, K and Zn at fruit set stage. Activities of SOD and CAT enzymes in fruit juice were significantly increased with 3% MLE application. In the confirmatory trail, best treatments from the above experiment was screened out i.e., 3% MLE at pre-mature stage, 300 mg L-1 ascorbic acid at fruit set stage and 3% MLE + 0.25% K + 0.6% Zn at fruit set stage. Leave nutrient and ascorbic acid contents, tree height, trunk diameter, tree width, leaf age fruit set, yield, number of fruits, fruit weight, juice volume, , SSC, pH, ascorbic acid and total phenolic contents were calculated with 3% MLE, 0.25% K and 0.6% Zn treatment. Highest total antioxidants SOD and CAT enzyme activity was determined with 3% MLE. Hence it can be recommended that foliar application of 3% MLE alone or in combination with 0.25% K and 0.6% Zn at fruit set stage had effectively improved the growth, productivity and fruit quality of „Kinnow. mandarin.

سٹرس گرینگ بیماری کے تدارک کے لئے اینٹی بائیوٹک وحرارت کا استعمال اور بیماری کے خلاف مدافعت رکھنے والی اقسام کی دریافت

پی ایچ ڈی سکالر: محمد سرور یعقوب نگران: ڈاکٹر اقرار احمد خاں شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز

سٹرس گرینگ HLB ترشاوہ پودوں کی بہت خطرناک بیماری ہے۔ اس بیماری کا تدارک سٹرس کی صنعت کو بچانے کے لئے بہت ضروری ہے۔ پاکستان میں یہ بیماری تقریبا سو سال سے موجود ہے لیکن اس کو ابھی تک کنٹرول نہیں کیا جاسکا۔ یہ بیماری ایک بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس بیکٹیریا کی دنیا بھر میں تین اقسام پائی جاتی ہیں۔ پاکستان میں پائی جانے والی قسم " کینڈی ڈیٹس لائبیری بیکٹیریا ایشیاٹیکس "Candidatus asiaticusLiberibacter کہلاتی ہے۔ اس بیکٹیریا کو پھیلانے کا سبب سٹرس سلڈ ہے جو کہ مچھر نما انسیکٹ ہے۔ موجودہ تحقیق کا مقصد سٹرس کی مختلف اقسام میں مدافعت کا جائزہ لینا تھا اور اس بیماری کی روک تھام کیلئے اینٹی بائیوٹک اور حرارت کے استعمال کے نتائج دریافت کرنا تھا۔ اگر تمام باغات میں موجود پودے اس بیماری کی وجہ سے بیمار ہو جائیں تو نرسری کی سطح پر صحت مند پودے تیار کرنے کیلئے بیمار گرافٹ کو اینٹی بائیوٹک اور حرارت کے استعمال سے بیکٹیریا سے پاک کیا جاسکتا ہے اور اس طرح نرسری کی سطح پر صحت مند سٹرس کے پودے تیار کر کے سٹرس کی صنعت کو بچایا جاسکتا ہے۔ اس تحقیق کے دوران ترشاوہ پودوں کی 74 اقسام کو اس بیماری کے خلاف مدافعت جاننے کے لئے ریئل ٹائم PCR کے زریعے ٹیسٹ کیا گیا۔ 74 میں سے 70 اقسام میں بیماری کا سبب بننے والا بیکٹیریا کم یا زیادہ تعداد titrebacterial) میں پایا گیا جبکہ صرف چار اقسام میں یہ بیکٹیریا نہیں پایا گیا۔ ان 74 اقسام کو مدافعت کے لئے چیک کینے کے پیش نظر پہلے ان تمام اقسام میں بیماری کے جراثیم کو منتقل کیا گیا۔ اس کے بعد اس بیماری کی علامات کا ان تمام اقسام میں مشاہدہ کیا گیا۔ جو چار اقسام اس بیماری کے خلاف مدافعت رکھتی ہیں ان کے نام " کلازینا ہارمینڈیانہ، گلائی کوس مس پینٹا فلا، پون سائیرس ٹرائی فولی ایٹ اور بٹر سویٹ اورنج ہیں۔ ترشاوہ پودوں کی بیمار بڈ اور گرافٹ کو سٹرس گرینگ پھیلانے والے بیکٹیریا سے پاک کرنے کیلئے جب اینٹی بائیوٹک پنسلین اور ٹیٹرا سائیکلین کا استعمال کیا گیا تو 100PPm کی خوراک ٹیٹرا سائیکلین اور پینسلین کی 75PPm خوراک نے موثر نتائج دیئے۔ ان دونوں قسموں کی اینٹی بائیوٹکس میں سے پینسلین کے نتائج کو پودے کی صحت اور گرافٹس کے بچنے کی شرح کے حساب سے بہتر پایا گیا۔ درجہ حرارت کے استعمال کے ذریعے گرافٹس میں سے بیکٹیریا کے خاتمے کے لئے 68 ڈگری کا درجہ حرارت بہتر پایا گیا۔ اسکے علاوہ درجہ حرارت اور اینٹی بائیوٹک کے مشترکہ استعمال کے عمل میں ٹیٹرا سائیکلین کی 1000PPm خوراک کے ساتھ 50 ڈگری کا درجہ حرارت بھی بیماری سے پاک پودے تیار کرنے کے لیے اچھے نتائج دیتا ہے۔

Molecular Diagnosis, Control and Identification of Tolerance in Citrus against Greening (Huanglongbing)

